یہ تو مظلوم کا ماتم ہے کم نہ ہوگا
یہ تو شبیر کا ماتم ہے کم نہ ہوگا

دشت میں ہو گا کوہ میں ہوگا
خلوۃ میں انبوہ میں ہوگا

ہر مؤمنین کے گھر میں ہوگا ، یہ تو مظلوم . . .

دشت میں در میں بحر میں بر میں
غُنچہ و گُل میں شاخ و شجر میں

ابر شرر میں شمس و قمر میں ، یہ تو مظلوم . . .

ظلم کي اُٹھیں لاکھ گھٹائیں
بدلے زمانہ لاکھ ادائیں

ہم سِہلینگے ھنس کے جفائیں یہ تو مظلوم . . .

ذکر شھیدانہ سب کو سنا دیں
آہ و بکاء سے درد جگادیں

ماتم سے دنیا کو ہِلادیں ، یہ تو مظلوم . . .